Armaan Technologies

A Unit of Al-Firdous Foundation (India)

Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad

M.A (Islamic Studies, ODL) – 1st Year, Question Papers [2019]

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ایم اے (اسلامک اسٹڈیز) – سال اول، سوالیہ پرچے [2019]

Total 8 Papers in 1st Year of MANUU M.A (Islamic Studies) – ODL

مانو، ایم اے (اسلامک اسٹڈیز) - فاصلاتی تعلیم، سال اول میں کُل 8 پرچے ہیں۔

1	Life of the Prophet and the Pious Caliphate	سیرت نبوی ﷺ اور خلافت راشدہ
2	The Qur'an and Hadith	قرآن اور حدیث
3	Islam and Modern Issues	اسلام اور جدید مسائل
4	The Umayyad Period	عہد بنو اُمیہ
5	Islamic Law and Islamic Mysticism	فقہ اور تصوف
6	The Abbasids and the Petty Dynasties	عہد عباسی اور چھوٹی خاندانی حکومتیں
7	Islam in India	اسلام ہندوستان میں
8	Islamic Thoughts and Ideologies	اسلامی افکار و نظریات

MAIS - I 028

ایم-اے اسلامیات' سال اول

پرچہ : سیرت نبوی ﷺ اور خلافت راشدہ

Paper : MAIS101CCT : Life of the Prophet and the Pious Caliphate

سالانہ امتحان ، 2019ء

وقت Time : 3 hrs

نشانات Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کوکوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کوکوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال : 1

i. حضرت محمد ﷺ پر نزول وحی کی ابتدا کس سن عیسوی میں ہوئی؟

(A) 622 (B) 610 (C) 632 (D) 620

ii. حضرت خدیجہ اور ابوطالب کے انتقال کے سال کو کہتے ہیں۔

(A) عام الوفود (B) عام الحزن (C) ایام الحرب (D) ایام العرب

iii. حضرت محمد ﷺ نے مکہ سے مدینہ ------سن عیسوی میں ہجرت کی۔

(A) 622 (B) 612 (C) 630 (D) 590

iv. صلح حدیبیہ کس سن عیسوی میں ہوئی؟ ۔

(A) 615 (B) 611 (C) 622 (D) 628

v. اسلامی کلینڈر 'سن ہجری' کا آغاز ----- کے عہد خلافت میں ہوا۔

(A) حضرت ابوبکر (B) حضرت عمر (C) حضرت عثمان (D) حضرت علی

vi. جنگ صفین ------ کے درمیان ہوئی۔

(A) حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ (B) حضرت علی اور حضرت عائشہ

(C) حضرت عبداللہ بن زبیر اور حجاج بن یوسف (D) حضرت عبداللہ بن زبیر اور عبدالملک بن مروان

vii. پہلی مرتبہ جیل خانہ۔۔۔۔۔ کے عہد خلافت میں قائم کیا گیا۔

(A) حضرت عثمان (B) حضرت ابوبکر (C) حضرت علی (D) حضرت عمر

viii. ''ذوالنورین''۔۔۔۔۔ کو کہا جاتا ہے۔

(A) حضرت علی (B) حضرت عمر (C) حضرت عثمان (D) حضرت ابوبکر

ix. جنگ قادسیہ۔۔۔۔۔ کے عہد خلافت میں ہوئی ۔

(A) حضرت عثمان (B) حضرت ابوبکر (C) حضرت علی (D) حضرت عمر

x. یثرب قدیم نام ہے:

(A) حجاز (B) مکہ (C) مدینہ (D) طائف

حصہ دوم

2۔ جزیرۃ العرب کی جغرافیائی حالت پر روشنی ڈالیے۔

3۔ حضرت محمد ﷺ کی بعثت سے قبل کی زندگی پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

4۔ دور جاہلی کے سماجی اور سیاسی احوال پر مضمون قلمبند کیجیے۔

5۔ عہد نبوی کے نظام حکومت پر روشنی ڈالیے۔

6۔ حضرت ابوبکر صدیق کے عہد خلافت پر روشنی ڈالیے۔

7۔ حضرت عمر کے دور خلافت کے اہم کارناموں پر روشنی ڈالیے۔

8۔ حضرت علی بن ابی طالب کے عہد خلافت پر ایک مضمون قلمبند کیجیے۔

9۔ سیرت کی تدوین کے بارے میں اپنی معلومات قلمبند کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ حضرت محمد ﷺ کی مدنی زندگی پر ایک تفصیلی مضمون قلمبند کیجئے۔

11۔ آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ پر مضمون لکھئے۔

12۔ حضرت علی بن ابی طالب کی حیات اور کارناموں کو بیان کیجئے۔

13۔ حضرت عثمان بن عفان کے عہد خلافت کے اہم واقعات پر روشنی ڈالئے۔

14۔ عہد نبوی ﷺ کی سماجی اور تعلیمی حالات پر ایک مضمون قلمبند کیجئے۔

☆☆☆

MAIS - I 029

ایم۔اے اسلامیات' سال اول

پرچہ : قرآن اور حدیث

Paper : MAIS102CCT : Qur'an and Hadith

سالانہ امتحان ، 2019ء

وقت Time : 3 hrs نشانات Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1 :

i. تفسیر ضیاء القرآن کے مؤلف کا نام بتایئے۔

(A) پیر کرم شاہ (B) سید علی نقوی (C) اشرف علی تھانوی (D) ابوالکلام آزاد

ii. قرآن مجید کتنے حروف/مقامی بولی میں نازل ہوا؟

(A) پانچ (B) چھ (C) سات (D) آٹھ

iii. ''متفق علیہ'' کن احادیث کو کہتے ہیں؟

(A) ترمذی۔ابوداؤد (B) موطا۔نسائی (C) مسلم۔ابن ماجہ (D) بخاری۔مسلم

iv. "حدیث'' کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) خبر دینا (B) بات چیت کرنا (C) غور وفکر کرنا (D) وضاحت کرنا

v. 'جامع البیان فی تفسیر القرآن' کے مولف کا نام بتایئے۔

(A) جاراللہ زمخشری (B) فخرالدین رازی (C) محمد بن جریر طبری (D) عبداللہ بن عمر بیضاوی

vi. جس حدیث میں راوی اور حضور اکرم ﷺ کے درمیان صرف تین واسطے ہوں۔ اس کو کیا کہتے ہیں؟

(A) ثلاثی (B) رباعی (C) واحد (D) خماسی

vii. حدیث کی اصل عبارت کو کیا کہتے ہیں؟

(A) اثر (B) سند (C) متن (D) دال

viii. امام مسلم کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(A) کوفہ (B) نیشاپور (C) بصرہ (D) مدینہ

ix. مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کی تفسیر کا نام بتایئے۔

(A) تدبر قرآن (B) ترجمان القرآن (C) بیان القرآن (D) تفہیم القرآن

x. حدیث کی کتاب 'مشارق الانوار' کے مولف کا نام بتایئے۔

(A) عبدالحق محدث (B) علی متقی (C) امام حسن صغانی (D) شاہ ولی اللہ محدث

حصہ دوم

2۔ قرآن مجید کی سماجی تعلیمات بیان کیجیے۔

3۔ امام بخاری کی حیات پر گفتگو کرتے ہوئے حدیث میں ان کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

4۔ قرآن مجید کے اہم مضمون توحید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیے۔

5۔ تفسیر کے معنی ومفہوم بتایئے اور اس کے مآخذ قرآن وحدیث پر روشنی ڈالیے۔

6۔ کتب حدیث کے اقسام (صحیح، سنن، جامع اور مسند) کی وضاحت کیجیے۔

7۔ عہد رسالت اور صحابہ کی تفسیری خصوصیات بیان کیجیے۔

8۔ مولانا ابوالکلام آزاد کی حیات اور ان کی تفسیر پر روشنی ڈالیے۔

9۔ ''جامع ترمذی'' کی خصوصیات بیان کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ عبدالحق محدث دہلوی کی حیات اور خدمات بیان کیجیے۔

11۔ قرآن مجید کا تعارف کراتے ہوئے اس کے جمع وتدوین پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

12۔ امام مسلم کی حیات اور صحیح مسلم کی خصوصیات پر ایک مضمون قلم بند کیجیے۔

13۔ امام رازی کی حیات اور ان کی تفسیری خصوصیات پر ایک مضمون لکھیے۔

14۔ تدوین حدیث کے ارتقائی مراحل کی تاریخ تفصیل سے بیان کیجیے۔

☆☆☆

MAIS - I 030

ایم اے اسلامیات، سال اول

پرچہ : اسلام اور جدید مسائل

Paper : MAIS103CCT : Islam and Modern Issues

سالانہ امتحان، 2019ء

وقت Time : 3 hrs | کل نشانات Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال 1 :

i. ابوالحسن علی بن سہل طبری کس فن سے متعلق تھے؟

(a) تاریخ (b) طب (c) علم حدیث (d) جغرافیہ

ii. "کتاب التصریف" کے مصنف کا نام بتایئے؟

(a) ابوالقاسم زہراوی (b) الرازی (c) ابن سینا (d) ابن النفیس

iii. ان میں سے کون اسلامی حقوق انسانی کا چارٹر ہے؟

(a) میثاق مدینہ (b) حلف الفضول (c) بیعت رضوان (d) خطبہ حجۃ الوداع

iv. ان میں سے کس کا تعلق ماحولیات میں بگاڑ سے ہے؟

(a) عدم توازن (b) فساد فی الارض (c) طغیان (d) سارے

v. خواتین کا میراث میں حصہ ....

(a) مردوں کے برابر ہے (b) مردوں سے کم ہے (c) مردوں سے زیادہ ہے (d) سارے درست

vi. اسلام میں نجی زندگی کا حق کیا ہے؟

(a) تسلیم کیا گیا (b) تسلیم نہیں کیا گیا (c) اسلامی تعلیم میں نہیں ہے (d) کوئی درست نہیں

vii۔ ان میں سے کون آبی آلودگی دور کرنے کا ذریعہ ہے؟

(a) فریزنگ (b) ری سائکلنگ (c) ری اسٹورنگ (d) اسٹورنگ

viii۔ ان میں سے کون فضائی آلودگی کی وجہ ہے؟

(a) جنگلات کی کٹائی (b) زہریلی گیس کا اخراج (c) ٹریفک (d) سارے

ix۔ اسلام میں عورتوں کے بنیادی حقوق کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(a) تین حصوں میں (b) پانچ حصوں میں (c) دو حصوں میں (d) چھ حصوں میں

x۔ اسلام میں انشورنس کا بدل کیا ہے؟

(a) تکافل (b) مضاربہ (c) مشارکہ (d) تجارت

حصہ دوم

2۔ اسلام میں تعلیم کو کیا اہمیت حاصل ہے؟ ایک مضمون لکھیے۔

3۔ علم فلکیات میں مسلمانوں کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

4۔ انسانی زندگی کے تحفظ کے سلسلہ میں اسلامی تعلیمات پر روشنی ڈالیے۔

5۔ ماحولیات کی اہمیت اور اس کی حفاظت اسلامی تعلیمات کی روشنی میں واضح کیجیے۔

6۔ خواتین کے مالی حقوق واختیارات پر مفصل بحث کیجیے۔

7۔ آلودگی کی مختلف صورتوں کے بارے میں اسلامی تعلیمات کا جائزہ لیجیے۔

8۔ عورتوں کے حق میراث پر ایک نوٹ لکھیے۔

9۔ اسلامی کیپٹل مارکٹ کا جامع تعارف کرائیے۔

حصہ سوم

10۔ انسان کے بنیادی حقوق میں کون سے امور شامل ہیں؟ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں گفتگو کیجیے۔

11۔ اسلام نے خواتین کو کن خصوصی رعایتوں سے نوازا ہے بحث کیجیے۔

12۔ تکافل کا تعارف کراتے ہوئے عہد نبوی میں اس کے آغاز پر جامع تبصرہ کیجیے۔

13۔ وارثوں کی قسمیں بتاتے ہوئے تقسیم وراثت کی اہمیت و اس کے احکام پر روشنی ڈالیے۔

14۔ میڈیکل سائنس میں مسلمانوں کی خدمات پر گفتگو کیجیے۔

☆☆☆

MAIS - I 031

ایم۔اے اسلامیات' سال اول

پرچہ : عہد بنو امیہ

Paper : MAIS104CCT : The Umayyads

سالانہ امتحان ، 2019ء

Time : 3 hrs وقت | نشانات Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات / خالی جگہ پُر کرنا / مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال 1 :

i- اموی حکومت کا قیام کس سن ہجری میں عمل میں آیا؟

(a) 41 ھ (b) 51ھ (c) 61ھ (d) 31ھ

ii- گورنر بننے سے پہلے، ان میں سے کون ایک مدرس تھا؟

(a) زیاد (b) حجاج بن یوسف (c) محمد بن قاسم (d) قتیبہ بن مسلم باہلی

iii- اسد بن فرات کس حکومت سے متعلق تھے؟

(a) اموی (b) اغلبی (c) المرابطون (d) المواحدون

iv- یوسف بن تاشفین کا تعلق کہاں ہے؟

(a) مراکش (b) شام (c) اندلس (d) عرب

v- اندلس میں کس اموی حکمراں نے سب سے پہلے خلیفہ کا لقب اختیار کیا؟

(a) عبدالرحمن داخل (b) عبدالرحمن ثالث (c) ہشام (d) مستنصر باللہ

vi- ''العقد الفرید'' کس کی کتاب ہے؟

(a) ابن عبدربہ (b) سالم مولی (c) ہشام (d) ابن خلکان

vii۔ کتاب ''تاریخ افتتاح الاندلس'' کے مصنف کا نام بتائیے؟

(a) عبدالرحمٰن (b) ادریسی (c) ابن قوطیہ (d) ابن الہیثم

viii۔ سندھ کی فتح کس خلیفہ کے دور میں ہوئی؟

(a) ولید بن عبدالملک (b) معاویہ بن سفیان (c) مروان بن حکم (d) عمر بن عبدالعزیز

ix۔ 'قبۃ الصخرۃ' کی تعمیر کس سن عیسوی میں مکمل ہوئی؟

(a) 692 (b) 693 (c) 793 (d) 792

x۔ 'قصر الحمراء' کہاں واقع ہے؟

(A) طلیطلہ (B) غرناطہ (c) قرطبہ (d) افریقہ

حصہ دوم

2۔ محمد بن قاسم کی فتح سندھ کے اسباب بیان کیجیے۔

3۔ ولید کے دور میں ہوئی فتوحات پر ایک مضمون لکھیے۔

4۔ اموی دور (دمشق) کے نظام حکومت پر ایک سرسری نوٹ لکھیے۔

5۔ اندلس میں اموی حکومت کے اسباب زوال پر روشنی ڈالیے۔

6۔ سقوط غرناطہ سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں تبصرہ کیجیے۔

7۔ اموی دور کو مستحکم کرنے میں عبدالملک بن مروان کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

8۔ فن جغرافیہ میں ادریسی کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

9۔ فن تعمیر میں دمشق کے اموی حکمرانوں کی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ اموی حکومت کے قیام اور استحکام پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

11۔ اندلس میں اموی حکومت کے استحکام میں عبدالرحمٰن الناصر کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

12۔ صقلیہ میں مسلمانوں کے قائم کردہ نظام حکومت پر جامع مضمون قلم بند کریں۔

13۔ صقلیہ میں عقلی علوم کی ترقی پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

14۔ دمشق کے اموی حکومت میں ہوئی علمی خدمات پر تبصرہ کیجیے۔

☆☆☆

ایم۔اے اسلامیات' سال اول

پرچہ : فقہ اور تصوف

Paper : MAIS105CCT : Islamic Law and Mysticism

سالانہ امتحان ، 2019ء

Time : 3 hrs وقت — نشانات Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال 1 :

i۔ فقہ کے بنیادی مآخذ کتنے ہیں؟

(a) پانچ (b) چار (c) تین (d) چھ

ii ۔ ہندوستان میں لکھی جانے والی تصوف کی پہلی کتاب کون سی ہے؟

(a) کشف المحجوب (b) عوارف المعارف (c) رسالہ قشیریہ (d) الاربعین

iii۔ سید اشرف جہانگیر سمنانی کا تعلق کس سلسلہ سے ہے؟

(a) قادریہ (b) چشتیہ (c) سہروردیہ (d) نقشبندیہ

iv۔ اصول فقہ پر لکھی جانے والی پہلی کتاب کون سی ہے؟

(a) کتاب الام (b) کتاب الرسالہ (c) کتاب الاحکام (d) السنن فی الفقہ

v۔ امام احمد ابن حنبل کی جائے پیدائش کہاں ہے؟

(a) کوفہ (b) بصرہ (c) دمشق (d) بغداد

vi ۔ قادریہ سلسلہ کے بانی کا نام بتائیے؟

(a) شہاب الدین (b) الغزالی (c) کمال الدین دمشقی (d) عبدالقادر جیلانی

vii۔ نظام الدین اولیاء کس کے خلیفہ تھے؟

(a) فریدالدین گنج شکر (b) بختیار کاکی (c) معین الدین چشتی (d) چراغ دہلوی

viii۔ 'عوارف المعارف' کس کی تصنیف ہے؟

(a) شہاب الدین ابوحفص (b) الغزالی (c) جنید بغدادی (d) حسن بصری

ix۔ 'الحیلۃ الناجزۃ' کس کی تصنیف ہے؟

(a) شہاب الدین سہروردی (b) اشرف علی تھانوی (c) شاہ ولی اللہ (d) ضیاء الدین ابونجیب

x۔ ظاہری مسلک کے بانی کا نام بتایئے؟

(a) ابن حزم (b) علاء الدین صابر (c) داؤد اصفہانی (d) ابواسحق شامی

حصہ دوم

2۔ ہندوستان میں سلسلہ سہروردیہ پر ایک نوٹ قلم بند کیجیے۔

3۔ ہندوستان میں سلسہ چشتیہ کی اشاعت میں نظام الدین اولیاء کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

4۔ فقہ کے بنیادی مآخذ کا مختصراً تعارف کرایئے۔

5۔ ابتدائی فقہی مراکز کون کون سے ہیں ان میں سے کسی دو کا تعارف کرایئے۔

6۔ فقہ جعفریہ کا تعارف کرایئے۔

7۔ ابوحامد الغزالی کی حیات وخدمات پر ایک مضمون لکھیے۔

8۔ جنید بغدادی پر ایک مضمون تحریر کیجیے۔

9۔ مقاصد شریعت کیا ہیں ان کے درجات بیان کرتے ہوئے تشریح کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ فقہ کا مفہوم بیان کرتے ہوئے فقہ اسلامی کے آغاز وارتقاء پر روشنی ڈالیے۔

11۔ فقہی مسالک کا تعارف کراتے ہوئے فقہ حنفی کی تدوین اور اس کی خصوصیات کا سرسری طور پر جائزہ لیجیے۔

12۔ تصوف کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے تاریخی ادوار پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

13۔ شیخ علی ہجویری کی حیات وخدمات پر ایک نوٹ قلم بند کیجیے۔

14۔ اجتماعی اجتہاد کا تعارف کراتے ہوئے نئے مسائل کے حل میں اسلامک فقہ اکیڈمی کے طریقہ کار پر روشنی ڈالیے۔

☆☆☆

MAIS - II 033

ایم اے اسلامیات، سال اول

پرچہ : عہد عباسی اور چھوٹی خاندانی حکومتیں

Paper : MAIS106CCT : The Abbasids & Petty Dynasties

سالانہ امتحان ، 2019ء

نشانات Marks : 70

وقت Time : 3 hrs

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال 1 :

i- عباسی حکومت کا قیام کس سن ہجری میں عمل میں آیا؟

(a) 91 ھ (b) 132ھ (c) 123ھ (d) 231ھ

ii- کس عباسی خلیفہ نے قصر الخلد کی تعمیر کروائی؟

(a) ہارون (b) مہدی (c) سفاح (d) منصور

iii- عباسی دور کے نظام حکومت کو کتنے حصے میں تقسیم کیا گیا تھا؟

(a) دو (b) تین (c) پانچ (d) چار

iv- جزیرہ صقلیہ کس اغلبی حکمراں کے ہاتھوں فتح ہوا؟

(a) زیادۃ اللہ اول (b) ابراہیم اغلبی (c) زیادۃ اللہ دوم (d) ابوعبداللہ

v- فاطمی حکومت میں سب سے پہلے وزارت کے عہدے پر فائز ہونے کا شرف کسے حاصل ہے؟

(a) ابوالفرج یعقوب بن کلس (b) عیسیٰ بن نسطورس (c) فہد بن ابراہیم (d) رضوان بن ولخش

vi- حکمراں جلال الدین ملک شاہ کا تعلق کس حکومت سے تھا؟

(a) ایوبی (b) سلجوقی (c) فاطمی (d) اخشیدی

vii۔ ذوالیمینین کس کا لقب ہے؟

(a) امین (b) مامون (c) نظام الملک (d) طاہر ابن حسین

viii۔ نصر بن احمد نے ۸۷۴ء میں ماوراالنہر میں کون سی حکومت قائم کی تھی؟

(a) صفاری (b) فاطمی (c) سامانی (d) سلجوقی

ix۔ عربی ادب کا قدآور شاعر متنبی کس بادشاہ سے وابسطہ رہا؟

(a) سیف الدولہ (b) محمود غزنوی (c) مسعود غزنوی (d) الپ ارسلان

x۔ صلیبی جنگوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

(a) سات (b) دس (c) بارہ (d) پانچ

حصہ دوم

2۔ عباسی حکومت کے قیام پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

3۔ ابو جعفر منصور کے کارناموں پر تبصرہ کیجیے۔

4۔ اغلبی دور کے فن تعمیر ورفاہی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

5۔ سلطنت آل بویہ پر تفصیلی نوٹ قلم بند کیجیے۔

6۔ نظام الملک طوسی کے کارناموں کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔

7۔ عباسی عہد کے فن تعمیر پر روشنی ڈالیے۔

8۔ خاندان سلاجقہ کی ابتدائی تاریخ بیان کیجیے۔

9۔ صفاریہ حکومت کا تعارف کراتے ہوئے یعقوب بن لیث کی خدمات کو اجاگر کیجیے۔

حصہ سوم

10۔ عباسی دور کے نظام حکومت پر جامع نوٹ قلم بند کیجیے۔

11۔ عباسی عہد کی علمی ترقی میں مامون رشید کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

12۔ احمد بن طولون کا تعارف کراتے ہوئے طولونی فوج پر جامع تبصرہ کیجیے۔

13۔ ہارون رشید کی حیات وکارناموں پر اپنے الفاظ میں ایک مضمون تحریر کیجیے۔

14۔ افریقہ میں فاطمی حکومت کے قیام کی اجمالی تاریخ بیان کیجیے۔

☆☆☆

MAIS - II 034

ایم اے اسلامیات، سال اول

پرچہ : اسلام ہندوستان میں

Paper : MAIS107CCT : Islam in India

سالانہ امتحان ، 2019ء

Time : 3 hrs وقت   نشانات Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال 1:

(i) فاتح سندھ کون ہے؟

a) سلیمان بن عبدالملک   b) ولید بن عبدالملک   c) محمد بن قاسم   d) حجاج بن یوسف

(ii) موپلا کون کہلاتے ہیں؟

a) سندھ کے مسلمان   b) مالابار کے مسلمان   c) قنوج کے مسلمان   d) گجرات کے مسلمان

(iii) ہندوستان سے عربوں کے تعلقات کی نوعیت کیا تھی؟

a) تجارتی   b) سفارتی   c) سیاحتی   d) سیاسی

(iv) دکن کس بادشاہ کے دور میں دہلی سلطنت کا حصہ بنا؟

a) فیروز شاہ تغلق   b) محمد تغلق   c) علاالدین خلجی   d) بہلول لودھی

(v) التمش کس کا غلام تھا؟

a) سبکتگین   b) غزنوی   c) غوری   d) ایبک

(vi) ان میں سے کون مدرسہ ناصریہ کے صدر رہے؟

a) مولانا حسن بجزی   b) قاضی منہاج الدین سراج   c) ناصرالدین محمود   d) نظام الدین اولیا

(vii) پانی پت کی پہلی جنگ کن دو کے بیچ واقع ہوئی؟

a) بابر اور ابراہیم لودھی b) ہمایوں اور شیر شاہ سوری c) غوری اور پرتھوی راج d) اکبر اور ہیمو بقال

(viii) محمود گاواں کا تعلق کس دور سے رہا؟

a) نظام شاہی دور b) عادل شاہی دور c) قطب شاہی دور d) بہمنی دور

(ix) 'گلشن ابراہیمی' کس فن کی کتاب ہے؟

a) تاریخ b) سوانح c) ادب d) شاعری

(x) اکبر نے ان میں سے کون سا شہر آباد کیا؟

a) دہلی b) جونپور c) فتح پور سیکری d) شاہ جہاں آباد

حصہ دوم

2- ہندوستان کے عرب سے تعلقات پر تحریر لکھیے۔

3- علاء الدین خلجی کی فتوحات پر تبصرہ کیجیے۔

4- مغل حکومت کے نظم و نسق پر تحریر لکھیے۔

5- شمالی ہند میں اسلام کی آمد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر بتائیے۔

6- فتح سندھ پر مختصر مضمون لکھیے۔

7- محمد تغلق کے دور کے اہم واقعات کا جائزہ لیجیے۔

8- عادل شاہی دور کی علمی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

9- مغلیہ حکومت کے فن تعمیر پر تحریر لکھیے۔

حصہ سوم

10- دہلی سلطنت کے دور کی علمی خدمات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

11- مغل دور حکومت کے مذہبی حالات کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12- ہندوستان میں مسلمانوں کی ابتدائی آبادیوں سے متعلق تفصیل فراہم کیجیے۔

13- بہمنی حکومت پر تفصیلی مضمون لکھیے۔

14- مغلیہ حکومت کے زوال پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

☆☆☆

MAIS - II 035

ایم اے اسلامیات، سال اول

پرچہ : اسلامی افکار و نظریات

Paper : MAIS108CCT : Islami Thought and Idealogies

سالانہ امتحان ، 2019ء

Marks : 70 نشانات

Time : 3 hrs وقت

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)

2. حصہ دوم میں 08 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)

3. حصہ سوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال 1 :

(i) نکاح کے وقت شرعی طور پر طے کی جانے والی رقم کو کیا کہا جاتا ہے؟

a) مہر b) جہیز c) تحفہ d) میراث

(ii) 'احیاء علوم الدین' کس کی تصنیف ہے؟

a) علی شریعتی b) امام جوینی c) ابن خلدون d) امام غزالی

(iii) ابن خلدون کا وطنی تعلق کس ملک سے ہے؟

a) مصر b) عراق c) تیونس d) ایران

(iv) ابوالحسن ماوردی کی کتاب کا نام کیا ہے؟

a) الاحکام السلطانیہ b) سیاسۃ الملوک c) سیاست نامہ d) الاحکام الحکومیہ

(v) ذیل میں سے کس نے بین الاقوامی تعلقات پر کتاب لکھی ہے؟

a) علی شریعتی b) ڈاکٹر محمد حمید اللہ c) علامہ اقبال d) مولانا مودودی

(vi) سیکولرزم کے بارے میں درست بیان کیا ہے؟

a) یہ مذہبی رواداری ہے b) یہ اسلامی اصطلاح ہے c) یہ مذہب مخالف ہے d) یہ اسلام مخالف ہے

(vii) ماضی قریب میں اسلامی معاشیات پر لکھنے والوں میں کون شامل ہیں؟

a) مفتی تقی عثمانی b) ڈاکٹر عمر چھابرا c) ڈاکٹر نجات اللہ صدیقی d) یہ سارے

(viii) تکافل کس معاشی نظام کا اسلامی متبادل ہے؟

a) سود b) فائنانس c) انشورنس d) شیرز

(ix) ابن مسکویہ کا کام کس موضوع سے متعلق ہے؟

a) اخلاقی نظریات b) معاشی تصورات c) سیاسی افکار d) صوفیانہ فکر

(x) اسلام کے اخلاقی نظریات کی بنیاد کیا ہے؟

a) قرآن وحدیث کی تعلیمات b) سماجی روایات c) لوگوں کی پسند و ناپسند d) علماء کے فیصلے

حصہ دوم

2- سماج کا اسلامی تصور کیا ہے؟ روشنی ڈالیے۔

3- ''امر بالمعروف ونہی عن المنکر'' سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ بتائیے۔

4- ابن خلدون کے سماجی نظریات پر گفتگو کیجیے۔

5- شاہ ولی اللہ کے سماجی نظریات پر نوٹ تحریر کیجیے۔

6- جمہوریت اور اسلام پر ایک مضمون لکھیے۔

7- مال کے اسلامی تصور کی وضاحت کیجیے۔

8- امام غزالی کے اخلاقی نظریات پر روشنی ڈالیے۔

9- ابوالحسن ماوردی کے سیاسی نظریات پر گفتگو کیجیے۔

حصہ سوم

10- اسلام کی روشنی میں سماجی حقوق وذمہ داریوں پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔

11- اسلام میں فلاحی ورفاہی ریاست کا کیا تصور ہے؟ وضاحت کیجیے۔

12- معاشی سرگرمیوں کے حلال طریقوں کی تفصیلی وضاحت کیجیے۔

13- اسلامی نقطہ نظر سے مکارم اخلاق اور رزائل اخلاق پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔

14- ابن خلدون اور شاہ ولی اللہ کے سماجی نظریات کا تقابلی مطالعہ کیجیے۔

☆☆☆

Thank You

https://www.youtube.com/@armaantechnologies

https://archive.org/details/@armaan_technologies